
خُرُوج

Published by the Comic Bible Society, LLC
Copyright © 2021

Kingstone Comics maintains copyright to this comic book as provided by United States copyright law.

Print and digital copies of this version may be freely distributed without penalty under a Creative Commons license.


وہ تب تک چلتے رہے جب تک پہاڑوں میں بحرِ قُلزم کے کنارے تک نہ پہنچ گئے۔ وہاں اُنہوں نے ڈیرے لگائے اور سوچنے لگے کہ وہ کس طرح اِس وسیع سمندر کو عبور کریں گے۔


اپنے بیٹے کی موت پر ماتم کرنے کے بعد فرعون کا غصّہ اور زیادہ بھڑکا کہ کیوں اُس نے اپنے غلاموں کو جانے دیا؟


رتھوں کو تیار کرو۔ عبرانیوں کا پیچھا کرو۔ اُنہیں واپس لاؤ یا سب کو مار ڈالو۔
عالی جاہ! جیسا آپ نے کہا ویسا ہی ہوگا۔



دیکھو مصری فوج آ رہی ہے! ہم اِس بیابان میں پھنس گئے ہیں!
موسیٰ ہمیں یہاں مرنے کے لئے لے آیا ہے۔ اِس خُدا کی ردّی ہوئی جگہ میں مرنے سے تو بہتر تھا کہ ہم غلامی کی زندگی بسر کرتے رہتے۔
جب مصریوں نے بے یارومددگار بنی اسرائیل کو دیکھا اور اُن تکلیفوں کو یاد رکھا جو اُن پر موسیٰ کے سبب سے آئی تھیں، وہ اُنہیں قتل کرنے کو تیار ہو گئے۔
ہمارے اِردگرد پہاڑ ہیں اور سامنے پانی ہم پھنس چکے ہیں۔
کیا اب بھی خُدا کے لئے کوئی کام کرنا ناممکن ہے۔۔
جہاں ہو وہیں کھڑے رہو۔ خُدا تمہیں عجیب طریقے سے بچائے گا۔
اور خُدا نے ایک بار پھر فرِعونؔ کے دِل کو سخت کر دیا اور وہ اُن کا پیچھا کرنے لگا۔ جن مِصریوں کو تُم آج دیکھتے ہو اُن کو پھر کبھی ابد تک نہ دیکھو گے۔


اور مصری فوج میں فرعون کے چھ سو چنے ہُوئے رتھ اور اُن سبھوں
میں سرداروں کو بٹھایا۔


کیا مِصر میں قبریں
نہ تھیں؟
ہم نے تجھ سے کہا تھا کہ ہم کو
رہنے دے کہ ہم مِصریوں کی
خِدمت کریں!
تلوار سے مرنے
سے بہتر تھا!
ثابت قدم رہو، اور
خُداوند کی نجات کے کام
کو دیکھو۔







خروج 14:15, 19-20


رات بھر ایک بادل وہاں رہا جو ایک طرف اندھیرا اور دوسری طرف کو روشنی فراہم کرتا رہا تا کہ وہ ایک دُوسرے کے پاس نہ آ سکیں۔


اپنے لوگوں کو لو اور اپنا ہاتھ سُمندر کے اُوپر بڑھاؤ اور سُمندر کو دو حِصّوں میں تقسیم کر دو، تا کہ بنی اِسرائیل سُمندر کے بِیچ میں سے خُشک زمِین پر چل کر نِکل جائیں۔
خُداوند نے رات بھر تُند پُوربی آندھی چلائی۔


مَیں فرِعونؔ اور اُس کے رتھوں اور سواروں پر مُمتاز ہو جاؤں گا تو مِصری جان لیں گے کہ مَیں ہی خُداوند ہُوں!




واہ، ہمارا خُدا واقعی سب سے عظیم خُدا ہے! ہم سمندر کے بالکل درمیان میں ہیں۔
یہ دیکھو کتنا بڑا جاندار ہے، کیا تم نے کبھی ایسا مصر میں دیکھا۔
آگے بڑھو، عبرانیوں کو مار ڈالو!
میں صرف اس مچھلی کو ہاتھ لگانا چاہتا ہوں۔
یشوع!
کیا تم پاگل ہو؟ وہاں سے ہٹ جاؤ! تمہیں پتا ہے تم تیر نہیں سکتے۔
جب بنی اسرائیل پار جانے کو تھے، خُدا نے آگ کے ستون کو ہٹا لیا جو مصریوں کا راستہ روکے ہوئے تھا اُنہوں نے تیزی سے بنی اسرائیل کے پیچھے بھاگنا شروع کر دیا۔


آج تم نے خُدا کی قوت کو دیکھ لیا۔
دیکھو پانی واپس مل گیا اور وہ سب کے سب سمُندر میں غرق ہو جائیں گے۔


ہر ایک مصری سپاہی سمندر میں ڈوب کر مر گیا۔ اور اُن کے لکڑی اور پتھر کے دیوتا بھی اُن کو بچا نہ سکے۔



خروج 14:27-28



خروج 15:20-25, 16:1-4




خروج 16:13-15, 17:1-4; زبور 78:24-25


تم بُڑبڑاتے اور شکایت کرتے
ہو۔ آؤ اور آ کر دیکھو کہ خُدا خشک
چٹان سے کیا پیدا کر سکتا ہے!
ٹھاہ
حورِب کی ایک چٹان پر تو اپنا عصا مارنا تو
اُس میں سے پانی نکلے گا کہ یہ لوگ پِئیں۔
یاہ!
اور اُس نے اُس جگہ کا نام مسّہ اور مریبہ رکھا کیونکہ بنی اِسرائیل نے وہاں جھگڑا
کِیا اور یہ کہہ کر خُداوند کا اِمتحان کِیا کہ خُداوند ہمارے بیچ میں ہے یا نہیں؟
خروج 17:5-7


پانی دریا کی طرح بہنے لگا۔
لیکن صرف پانی ہی اُن کا مسئلہ نہ تھا۔۔۔
وہ سوچتے ہیں کہ اُنہوں نے ہمیں یہاں پھنسالیا ہے۔
یشوع، لڑائی کے لئے ہماری طرف کے کُچھ بہترین آدمی چُن لے۔ مَیں کل خُدا کی لاٹھی اپنے ہاتھ میں لِئے ہُوئے پہاڑ کی چوٹی پر کھڑا رہوں گا۔
دیکھو۔۔ وہاں بیابان میں۔
عمالیقی ہیں۔۔۔۔ کوئی جائے اور موسیٰ کو خبر کرے۔
خروج 17:8-9


اس جگہ سے ہم تمام لڑائی کو دیکھ سکتے ہیں۔۔۔اور تم لوگوں کے لیے خُدا سے شفاعت کر سکتے ہو۔
لیکن کچھ دیر بعد مُوسیٰ تھک گیا اور اُس کے ہاتھ ِگر گئے۔
جب بھی موسیٰ ہاتھ ٹکاتا تو عمالیقی غالب ہوتے تھے۔



خروج 17:10-11


خُدا دیکھے گا۔۔۔ اور ہم فتح پائیں گے۔
ہمیں خُدا کے حضور موسیٰ کے ہاتھوں کو اٹھائے رکھنا ہوگا۔
دیکھو! خُدا کا بندہ موسیٰ ہمارے لئے شفاعت کر رہا ہے۔
یقیناً، تب خُدا ہمیں ہمارے دشمنوں پر فتح بخشے گا۔
اور خُدا نے عمالیقوں کی شکست کے لئے موسیٰ کی دُعا کو سُنا۔



اور موسیٰ نے پہلے ہی اپنی بیوی اور دونوں بیٹوں کو اپنے سُسر یترو کے پاس بھیج دیا تھا کیونکہ فرعون کے ساتھ اُس کے معاملات اچھے نہیں تھے۔ لیکن اب وہ بھی واپس آ گئے تھے۔
اے باپ!
آخرکار، میرا خاندان میرے ساتھ ہے۔
مصر کے تمام خزانوں سے زیادہ قیمتی اور کیا ہوگا کہ تم میرے پاس واپس آ گئے ہو۔
جب موسیٰ اپنے خاندان کے واپس آنے پر خوش ہوا اُس نے یترو کو وہ سب بتایا جو خُدا نے اُنہیں مصریوں کے ہاتھ سے چھڑانے کے لئے کیا تھا۔
اب مَیں جان گیا کہ خُداوند سب معبُودوں سے بڑا ہے کیونکہ وہ اُن کاموں میں جو اُنہوں نے غرُور سے کِئے اُن پر غالِب ہُوا۔



اور دُوسرے دِن مُوسیٰؑ لوگوں کی عدالت کرنے بَیٹھا تا کہ اُن کے جھگڑوں کا فیصلہ کرے۔
یہ کیا کام ہے جو تُو لوگوں کے لِئے کرتا ہے؟
لوگ میرے پاس خُدا کی رائے دریافت کرنے کے لِئے آتے ہیں۔
جو تو کر رہا ہے اِس سے تو تم اُن میں قطعی گُھل جاؤ گے تُم اکیلے اِسے نہیں کر سکتے۔
تم خُدا کے سامنے لوگوں کے نمائندے ہو گے۔
اور تُم رسُوم اور شرِیعت کی باتیں اِن کو سِکھاؤ۔
خُدا کا خوف رکھنے والے لوگوں کو قاضی مقرر کر، لیکن مُشکِل مُقدمات وہ تیرے پاس لائیں۔
یوں تیرا بوجھ ہلکا ہو جائے گا اور وہ بھی مطمئن ہونگے۔۔
میری بیٹی اور نواسے ایک لمبے عرصہ تک اپنے شوہر اور باپ کی قربت سے لطف اندوز ہوں گے۔




خروج 18:24-27;19:1-6,9


اور بنی اِسرائیل کو مُلکِ مِصرؔ سے نکلے تین مہینے ہُوئے اور وہ سیناؔ
کے بیابان میں آئے۔
کوہِ سیناؔ کے بیابان ہی میں پہاڑ کے
سامنے اِسرائیلیوں کے ڈیرے لگے۔
اور پھر مُوسیٰؔ خُدا کے پاس اوپر گیا، اور خُداوند نے
پہاڑ پر سے موسیٰ کو آواز دی۔
تُم نے دیکھا کہ مَیں نے مِصریوں
سے کیا کِیا اور تُم کو گویا عُقاب کے پروں پر
بَیٹھا کر اپنے پاس لے آیا۔
سو اب اگر تُم میری بات مانو اور میرے
عہد پر چلو تو سب قَوموں میں سے تُم ہی میری
خاص مِلکیت ٹھہرو گے۔


اور موسیٰ پہاڑ سے نیچے اترا اور جو کچھ خُدا نے اُسے کہا تھا اُس نے لوگوں کو بتا دیا۔
تب اُس نے لوگوں سے کہا جاؤ اور اپنے جسم پاک صاف کرو اور اپنے کپڑے دھو۔ اور اپنے آپ کو خُداوند کی پرستش کے لئے تیار کرو اور تیسرے دِن ہم خُدا سے ملنے جائیں گے۔
ہم خُدا کی فرمانبرداری کریں گے۔ اور ہم وہ سب کچھ کریں گے جو خُدا نے کہا۔


اور خُداوند نے جیسا حکم کیا تھا، تیسرے دن تمام لوگ پہاڑ کے سامنے کھڑے ہو گئے اور خُدا کی بات سننے کے لئے انتظار کرنے لگے۔
موسیٰ، اوپر پہاڑ پر آجاؤ۔


خُداوند تیرا خُدا جو تُجھے مُلکِ مِصر سے اور غُلامی کے گھر سے نِکال لایا میں ہُوں۔ اگر اِن لوگوں میں سے کوئی پہاڑ کو چُھوئے تو ضرُور جان سے مار ڈالا جائے۔ میں تجھے دس احکام دوں گا اور تُو اُنہیں ضرور لوگوں کو بتا دینا۔

خروج 19:7-25


میرے حضُور تُو غیر معبُودوں کو نہ ماننا۔
تُو اپنے لِئے کوئی تراشی ہُوئی مورت نہ بنانا۔
تُو خُداوند اپنے خُدا کا نام بے فائدہ نہ لینا۔
تُو سبت کا دِن پاک ماننا۔
تُو اپنے باپ اور اپنی ماں کی عِزّت کرنا۔
تُو خُون نہ کرنا۔
تُو زِنا نہ کرنا۔
تُو چوری نہ کرنا۔
تُو اپنے پڑوسی کے خِلاف جُھوٹی گواہی نہ دینا۔
تُو اپنے پڑوسی کے گھر کا لالچ نہ کرنا۔

خروج 20:3-17


اور خُدا نے موسیٰ کو اور احکام بھی دیئے تا کہ لوگوں میں برابری قائم ہو سکے۔
تشدُّد آمیز سلُوک
''اگر کوئی کِسی آدمی کو اَیسا مارے کہ وہ مَر جائے تو وہ قطعی جان سے مارا جائے۔''
''پر اگر وہ شخص گھات لگا کر نہ بَیٹھا ہو، تو مَیں اَیسے حال میں ایک جگہ بتا دُوں گا جہاں وہ بھاگ جائے۔''
تلافی کی بابت اَحکام
''اگر کوئی آدمی بَیل یا بھیڑ چُرا لے اور اُسے ذبح کر دے یا بیچ ڈالے تو وہ ایک بَیل کے بدلے پانچ بَیل اور ایک بھیڑ کے بدلے چار بھیڑیں بھرے۔''
اخلاقی ذمہ داری:
تُم کِسی بیوہ یا یتیم کو دُکھ نہ دینا۔
اور تُو مُسافِر کو نہ تو ستانا نہ اُس پر سِتم کرنا اِس لِئے کہ تُم بھی مُلکِ مِصر میں مُسافِر تھے۔
''تُو اپنے غریب لوگوں کے مُقدّمہ میں اِنصاف کا خُون نہ کرنا۔''
بُرائی کرنے کے لئے کسی بھِیڑ کی پیروی نہ کرنا۔


کیونکہ خُدا پاک تھا اُس نے لوگوں کو اپنی پرستش کے لئے ہدایات بھی دیں۔
ہمیشہ تندرست بچھڑا قربان کرنا، اور کبھی بھی بیمار نہیں۔
اُس پر تیل اور خوشبو چھڑکنا۔۔ اُسکی خوشبو سے خُداوند خوش ہوتا ہے۔
خُدا نے اُنہیں تندرست رہنے کے لئے بھی احکامات دیے۔
اور آٹھویں دن لڑکے کا ختنہ کیا جائے۔
اور اُسے لازماً الگ رکھا جائے۔
اور اگر اُس کے بال سفید ہو جائیں اور جلد سے خام گوشت نظر آئے تو کاہن اس شخص کو ناپاک قرار دے کیونکہ اُسے کوڑھ ہے۔
تُم میرے سبتوں کو ماننا اور میرے مقدِس کی تعظیم کرنا۔ مَیں خُداوند ہُوں۔
نہ تو تُو غریب کی رِعایت کرنا اور نہ بڑے آدمی کا لحاظ بلکہ راستی کے ساتھ اپنے ہمسایہ کا اِنصاف کرنا۔
اور تُم میرے لِئے پاک بنے رہنا کیونکہ مَیں جو خُداوند ہُوں پاک ہُوں۔



مُوسیٰ نے خُداوند کی سب باتیں لکھ لیں جیسا کہ خُداوند نے اُسے بتایا تھا اور خُداوند کے رُوح نے اُس کی مدد کی تا کہ کوئی غلطی نہ ہو۔
مُوسیٰ پہاڑ سے نیچے اترا اور بنی اِسرائیل کے ستر سرداروں کو وہ سب احکام جو خُداوند نے دئے اُن کو بتادئے۔
یہ خُدا کے احکام ہیں۔
جب اُس نے ختم کر لیا تو لوگوں کو جمع کیا اور اُنکے سامنے خُدا کا کلام پڑھا۔
خُدا نے جو کچھ کہا ہے اچھا ہے اور ہم اِس پر عمل کریں گے۔
لہذا بنی اسرائیل نے خُدا کے ساتھ عہد باندھا۔ وہ اُنکو برکت دے گا، زندگی بخشے گا اور اُنکے دشمنوں سے محفوظ رکھے گا اور وہ اُسکے سب احکام کی تابعداری کریں گے اور راستبازی سے چلیں گے۔
اور خُدا نے موسیٰ کو حکم دیا کہ وہ ایک قربانی گزرانے۔
سب گنہگار تھے اور موت کے حقدار۔ لیکن خُدا مہربان تھا۔
اُس نے نجات کا ایک طریقہ فراہم کیا۔ ایک بے گناہ برہ کو ذبح کر کے اُس کا خون قوم کے لوگوں پر چھڑکنے سے خُدا اُنکے گناہوں کو ڈھانپ سکتا تھا۔
اب چونکہ تمہارے گناہ ڈھانپ دیے گئے ہیں تم ستر لوگ میرے ساتھ پہاڑ پر جاؤ گے اور تم خُدا کے جلال کو دیکھو گے۔


سو، بنی اِسرائیل کے سترّ بزُرگ موسیٰ کے ساتھ اُوپر پہاڑ پر گئے
جہاں خُدا اُس کے ساتھ ہمکلام ہوا تھا۔
اچانک اُن کے سامنے خُدا کا تخت ظاہر ہوا۔
خُداوند کا جلال
اور خُداوند نے مُوسیٰؑ اور یشوع سے کہا کہ پہاڑ
پر میرے پاس آؤ اور وہیں ٹھہرے رہنا۔
جب تک ہم لَوٹ
کر تُمہارے پاس نہ آجائیں
تُم یہیں ٹھہرے رہو۔
اور دیکھو ہارُونؑ اور حورؑ
تُمہارے ساتھ ہیں۔ جِس کِسی کا
کوئی مُقدّمہ ہو وہ اُن کے پاس
جائے۔
اور بنی اِسرائیل کی نِگاہ میں پہاڑ کی چوٹی پر خُداوند کے
جلال کا منظر بھسم کرنے والی آگ کی مانند تھا۔
اور موسیٰ اُس پہاڑ پر چالیس دِن اور چالیس رات رہا۔


خُدانے اُسے شہادت کی دولَوحیں دِیں۔وہ لَوحیں پتّھر کی اور خُدا کے ہاتھ کی لِکھی ہُوئی تِھیں۔
اور وہ میرے لِئے ایک مَقدِس بنائیں تاکہ وہ وہاں میری عبادت کریں اور اُس میں ایک قربان گاہ بھی ہو ایک پاک ترین مسکن جہاں میں ہر سال کاہن سے ملنے آیا کروں گا۔
اور مسکن اور اُس کے سارے سامان کا جو نمُونہ مَیں تُجھے دکھاؤں ٹھیک اُسی کے مُطابِق تُم اُسے بنانا۔اور لاوی کا گھرانہ میرے لِئے کاہِن کی خِدمت کو انجام دے اور وہ لوگوں کو میرے احکام سِکھائیں گے اور لوگوں کے گناہوں کی قربانیاں میرے حضور گذرانے گے۔
موسیٰ کو اُس پہاڑ پر آگ میں غائب ہوئے کئی ہفتے گزر چکے ہیں وہ تو اب تک مر گیا ہوگا۔
ہم اِس بیابان میں ہمیشہ کے لئے نہیں رہ سکتے ہیں۔
ہمیں ایک خُدا بنا دے جو موسیٰ کی طرح ہماری راہنمائی کرے۔
ہارون نے لوگوں کی خواہش کو مانا اور سونے کا ایک بچھڑا بنانے میں اُن کی مدد کی۔
خروج 4:20, 9-8:25, 3-1:28, 4-1:32


یہی تمہارا وہ دیوتا ہے جو تُم کو مُلکِ مِصر سے نِکال کر لایا۔ کل خُداوند کے لِئے عِید ہوگی۔ اور ہم خُداوند کی پرِستش کریں گے۔
ہارون کو پتا تھا کہ وہ خُدا کی صورت نہیں ہے، لیکن وہ لوگوں سے ڈرتا تھا۔


اُنہوں نے قُربانِیاں چڑھائیں اور سلامتی کی قُربانِیاں گُذرانیں۔ پھِر اُن لوگوں نے بَیٹھ کر کھایا پِیا اور اُٹھ کر کھیل کُود میں لگ گئے۔
تب خُداوند نے مُوسیٰ کو کہا نیچے جا کیونکہ تیرے لوگوں نے بڑا گناہ کیا ہے۔ اُنہوں نے اپنے لِئے ڈھالا ہُوا بچھڑا بنایا اور اُسے پُوجا۔ میں اِن سب کو بھسم کردوں گا۔ اُن کے دل سخت ہیں۔ وہ صداقت کی راہ پر نہ چلے۔
سونے کے بچھڑے کی پوجا کر کے اسرائیلیوں نے پہلے تین احکامات توڑ دئے جو خُدا نے اُن کے لیے دئے تھے۔
خروج 32:5-10




خروج 20-15:32, 4-3:20



اِن لوگوں نے تیرے ساتھ کیا کِیا تھا جو تُو نے اِن کو اِتنے بڑے گُناہ میں پھنسا دِیا۔
مجھ پر تیرا غضب نہ بھڑکے۔ تُو اِن لوگوں کو جانتا ہے کہ بدی پر تُلے رہتے ہیں۔
جو جو خُداوند کی طرف ہے وہ میرے پاس آ جائے۔
اور اگر تم مصر کے دیوتاؤں کی عبادت کرنا چاہتے ہو تو وہیں کھڑے رہو۔ ہم لاوی یہوواہ کی پیروی کریں گے۔
اب اپنی اپنی تلواریں لو اور اُن تمام کو قتل کر دو جو دیوتاؤں کی عبادت کرتے ہیں۔
اور اُس دن تین ہزار لوگ مرے۔
نہیں!
اُف!
ٹکڑے


جب تم نے گناہ کیا، خُدا نے مجھے بتایا کہ وہ تم سب کو بھسم کر دے گا، لیکن میں نے تمہارے لئے دُعا کی، اور وہ تمہارے گناہوں کو ہمیشہ کے لئے دور کر دے گا کیونکہ وہ مہربان اور بخشنے والا ہے۔
اور موسیٰ دوبارہ پہاڑ پر گیا، اور خُدا نے ایک مرتبہ پھر اُسے دس احکام دو تختیوں پر لکھ دیئے۔
خُدا نے ایک مسکن بنانے کے لئے ہدایات دی ہیں۔ وہ وہاں ہمارے ساتھ ملاقات کرے گا۔ اِس وقت ہم تمام گنہگار ہیں، خُدا نے ایک طریقہ تیار کیا ہے جہاں ہم اُس تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
لاوی ہر روز خون کی قربانی گزرانیں گے۔ سال میں ایک بار عہد کے صندوق پر خون چھڑکا جائے گا۔ جب خُدا عہد کے صندوق پر خون دیکھے گا تو وہ ہمارے گناہ معاف کر دے گا اور ہم ہلاک نہیں ہوں گے۔ یہ خُدا کا معاف کرنے کا طریقہ ہے۔
خیمہ اجتماع مکمل ہو گیا، اور کاہنوں نے ہر روز قربانیاں گزرانا شروع کر دیں۔ جب خُدا نے اُن کا ایمان دیکھا تو اُن کے گنا معاف کر دیے۔

خروج 34:28-32


اُس سب کے باوجود کہ خُدا نے اُن کے لئے کوہِ سینا پر کیا کیا لوگوں نے اپنی مصیبتوں پر بُڑبُڑانا اور شکایت کرنا شروع کر دیا۔
اُس وعدے کا کیا کہ خُدا ہمارے ساتھ جائے گا۔
ہم کبھی نہیں جان سکتے کہ ہمیں پانی کب ملے گا۔ ہم سب کے جسم جلد ہی اِس صحرا میں پڑے ہونگے جیسے خُدا بھول چُکا ہے۔
ہمیں کبھی نہیں ملے گا۔
اُف آگ!
موسیٰ کو بُلاؤ!
موسیٰ، موسیٰ آ ہمیں بچا! ہماری لشکر گاہ پر آسمان سے آگ جل اُٹھی!
اور جب مُوسیٰؑ نے خُداوند سے دُعا کی تو آگ بُجھ گئی۔ اور لشکر گاہ کو ایک کنارے سے بھسم کرنے لگی کیونکہ لوگوں نے شکایات کی تھیں۔
اُس جگہ کا نام تبعیرہ پڑا۔



کچھ کھانے کے بارے میں شکایت کرنا شروع ہو گئے جو خُدا نے حیرت انگیز طور پر مہیا کیا تھا۔
میرا اس من سے دل بھر گیا ہے۔
ہر دن ایک ہی چیز۔
لوگ اِدھر اُدھر جا کر اُسے جمع کرتے اور اُسے چکّی میں پیستے یا اُکھلی میں کُوٹ لیتے تھے۔ پھر اُسے ہانڈیوں میں اُبال کر روٹیاں بناتے تھے۔ اُس کا مزہ تازہ تیل کا سا تھا۔
اور رات کو جب اوس پڑتی تو اُس کے ساتھ من بھی گرتا تھا۔
ہائے، ہمیں وہ مچھلی یاد آتی ہے جو ہم مصر میں مزے سے کھاتے تھے۔
اور وہ کھیرے اور خربوزے اور گندنے اور پیاز اور لہسن۔ لیکن اب تو ہماری جان خشک ہو گئی اور ہر روز ہمیں من کے سوا کچھ دکھائی نہیں دیتا۔
مُوسیٰ نے سب گھرانوں کے آدمیوں کو اپنے اپنے ڈیرے کے دروازہ پر بُڑبُڑاتے سنا اور اُس نے بہت بُرا مانا۔
۔۔۔اور خُدا اُن سے بہت ناراض ہوا۔


مُجھ پر تیرے کرم کی نظر کیوں نہیں ہُوئی جو تُو اِن سب لوگوں کا بوجھ مُجھ پر ڈالتا ہے؟
کیا یہ میرے بچے ہیں؟ کیا میں اِن کا باپ ہوں؟
کیا میں اِنہیں دُودھ پیتے بچّوں کی طرح اُٹھائے پھرتا رہوں جب تک ہم وعدہ کی سرزمین تک نہ پہنچ جائیں؟
مَیں اکیلا اِن سب لوگوں کو نہیں سنبھال سکتا کیونکہ یہ میری طاقت سے باہر ہے۔
اگر تیرے کرم کی نظر ہُوئی ہے تو مجھے یک لخت جان سے مار ڈال۔
بنی اِسرائیل کے بزُرگوں میں سے سترّ کو تُو میرے حضُور جمع کر اور اُن کو خیمہ اِجتماع کے پاس لے آ تاکہ وہ تیرے ساتھ وہاں کھڑے ہوں۔ اور مَیں اُتر کر تیرے ساتھ وہاں باتیں کرُوں گا۔
اور میں اُس رُوح میں سے جو تُجھ میں ہے کُچھ لے کر اُن میں ڈال دُوں گا۔۔۔
۔۔۔تاکہ تُو اُس بوجھ کو اکیلا نہ اُٹھائے۔


اور لوگوں سے کہہ کہ کل کے لیے اپنے آپ کو پاک کرر کھّو تو تُم گوشت کھاؤ گے۔
اور اُن سے کہہ کہ میں نے اُن کا بڑبڑانا سُن لیا۔
اور وہ اسے صرف ایک یا دو دِن نہیں اور نہ پانچ یا دس یا بیس دِن تک کھائیں گے!
بلکہ ایک مہینہ تک اُسے کھاتے رہو گے جب تک وہ تُمہارے نتھنوں سے نِکلنے نہ لگے۔۔۔کیونکہ تُم نے خُداوند کو جو تُمہارے درمِیان ہے ترک کِیا۔
عورتوں اور بچوں کے علاوہ اُن میں چھ لاکھ تو مرد ہی ہیں اور تُو نے کہا ہے کہ مَیں اُن کو اِتنا گوشت دُوں گا کہ وہ مہینہ بھر اُسے کھاتے رہیں گے!
اگر بھیڑ بکریوں کے یہ ریوڑ اور گائے بَیلوں کے جُھنڈ اُن کی خاطِر ذبح ہوں تو بھی یہ ان کے لیے کافی نہیں۔
یا سُمُندر کی سب مچھلِیاں اُن کی خاطِر اِکٹّھی کی جائیں تا کہ تیرا وعدہ پورا ہو سکے!
کیا خُداوند کا ہاتھ چھوٹا ہو گیا ہے؟
اب تُو دیکھ لے گا کہ جو مَیں نے تُجھ سے کہا ہے وہ پُورا ہوتا ہے یا نہیں۔

گنتی 11:18-23


اور جب موسیٰ اُن لوگوں کو یہ سب بتا چکا تو اُس نے ستر بزرگوں کو اکٹھا کیا۔
اور خُداوند خُدا نے اُس رُوح کو جو موسیٰ میں تھی لے کر اُسے اُن ستر بزرگوں میں ڈالا۔
اور جب رُوح اُن میں آئی تو وہ کچھ وقت تک نبُوّت کرنے لگے۔
دو شخص جو ابھی لشکر گاہ ہی میں رہ گئے تھے، اور جب رُوح اُن میں آئی تو وہ وہیں نبوت کرنے لگے۔
مجھے یہ ضرور موسیٰ کو بتانا چاہیے۔
وہ دو آدمی نبوت کر رہے تھے، اور وہ تمہارے ساتھ نہیں ہیں۔
کیا تم میری وجہ سے اُن سے حسد کرتے ہو؟
کاش خُداوند کے سب لوگ نبی ہوتے اور خُداوند اپنی رُوح اُن سب میں ڈالتا!


اور خُداوند کی طرف سے ایک آندھی چلی اور سمُندر سے بٹیریں اُڑا لائی۔
اور جتنا کوئی ایک دِن کی راہ تک طے کرسکتا تھا ہر طرف بٹیریں آ گئیں۔
اور وہاں اتنی بٹیریں تھی کہ جس نے کم سے کم جمع کی تھیں
اُس کے پاس بھی دس خومر کے برابر جمع ہو گئیں۔
آخر کار، گوشت!
میں اِس کے پکنے کا انتظار نہیں کرسکتا!
لیکن ابھی وہ اُسے چبانے بھی نہیں پائے تھے کہ خُداوند کا قہر اُن لوگوں پر بھڑک
اُٹھا اور خُداوند نے اُن لوگوں کو بڑی سخت وبا سے مارا۔
سو اُس مقام کا نام ''قِبروت ہتّاوہ'' رکھّا گیا کیونکہ اُنہوں نے اُن لوگوں کو
جنہوں نے گوشت اور مصر کے لئے حرص کی تھی وہیں دفن کیا۔
اور وہ لوگ قِبروت ہتّاوہ سے سفر کر کے حصیرات کو گئے اور وہیں حصیرات میں رہنے لگے۔

گنتی 11:31-35

"THE BIBLE EXPLAINED IN EVERY LANGUAGE."








# SUPERBIBLE.TV